# رضاکارانہ سہولیات اور ملازمت کے مواقع تلاش کرنے والے افراد کے لیے مجرمانہ ریکارڈز کی جانچ پڑتال

ہم 'ملازمت تلاش کرنے والوں اور رضاکاروں کے لیے بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتال کا تعارف' نامی معلوماتی شیٹ میں بتائیں گےکہ آپ کو کوئی ملازمت یا رضاکارانہ عہدہ پیش کرنے سے پہلے اداروں کو آپ کے مجرمانہ ریکارڈ رکھنے کے متعلق تصدیق کرنے کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے۔ ہم آپ کو ڈسکلوژر اور بیرنگ سہولت ( Disclosure and Barring Service, DBS) کے متعلق بھی بتائیں گے جو مملکت متحدہ میں جانچ پڑتال کرنے کی ذمہ داری رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی شیٹ میں جانچ پڑتالوں اور درخواست دینے کے طریقہ کار کے متعلق مزید تفصیلی معلومات شامل ہیں۔

## مختلف DBS کی جانچ پڑتالیں کیا ہیں اور وہ کونسی معلومات شیئر کرتی ہیں؟

**'بنیادی DBS سند'** (Basic DBS certificate) میں تمام سنگین جرائم یا طویل عرصے تک قید کاٹنے کی وجہ بننے والے سنگین جرائم کا ریکارڈ نظر آئے گا۔

**'معیاری DBS سند'** (Standard DBS certificate) میں سنگین جرائم یا متعلقہ فوجداری جرائم کا ریکارڈ نظر آئے گا۔ اگر کسی شخص کو قانونی طور پر واضح کردہ 'بحالی کی میعاد' سے باہر تصور کیا جا رہا ہو تو ممکن ہے کہ مملکت متحدہ کے قانون کے تحت ماضی کے چند جرائم کو ظاہر نہ کیا جائے۔

**'اعلی DBS سند'** (Enhanced DBS certificate) میں وہ معلومات شامل ہوں گی جو معیاری سند میں درج ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں وہ تمام ریکارڈ شدہ معلومات بھی شامل ہوں گی جو کسی چیف پولیس کے افسر کی نظر میں متعلقہ ہوں۔

**'اعلی DBS سند بمعہ ممانعت کی فہرستیں'** (Enhanced with barred lists DBS certificate) میں وہ معلومات شامل ہوں گی جو اعلی سند میں درج ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں ممانعت کی فہرست میں درج افراد کے بھی ریکارڈز شامل ہوں گے۔ ممانعت کی فہرست DBS کی طرف سے برقرار رکھی جانے والی ان لوگوں کی فہرست ہے جنہوں نے کمزور گروپس کو نقصان پہنچایا ہے یا جو انہیں نقصان پہنچانے کا امکان رکھتے ہیں۔

جن ریکارڈز کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے، وہ پولیس نیشنل کمپیوٹر سسٹم میں آپ کے متعلق تمام ریکارڈز کی شکل میں ہوتے ہیں۔ ان میں انٹرپول (بین الاقوامی)، اورر ایسوسی ایشن آف چیف پولیس آفیسرز کریمینل ریکارڈز آفس (ACRO) کی جانب سے شیئر کیا جانے والا ڈیٹا اور ان ممالک کا ڈیٹا شامل ہے جن کے ساتھ مملکت متحدہ کا ڈیٹا شیئرنگ کا معاہدہ ہے۔

اگر کسی شخص کا کسی ایسے جرم سے وابستہ ریکارڈ موجود ہے جسے مملکت متحدہ میں جرم نہیں سمجھا جاتا تو اس کا سند میں ذکر نہیں کیا جائے گا۔

## DBS کی جانچ پڑتال کی درخواست دینے کا کیا طریقہ ہے؟

١) ایک بنیادی جانچ پڑتال کے لیے آپ خود DBS کی ویب سائٹ پر آن لائن فارم پر کر سکتے ہیں، ا کسی ادارے کو اپنی درخواست آگے بڑھانے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ دیگر تمام اقسام کی DBS درخواستوں کے لیے بھرتی کرنے والا ادارہ آپ کو ایک ایپلی کیشن کا فارم بھیجے گا۔ یہ فارم بھرتی کرنے والے ادارے یا جانچ پڑتال کا "اختیار رکھنے والے" کسی بھی خصوصی ادارے کو ارسال کیا جا سکتا ہے۔

٢) فارم کو مکمل طور پر پر کریں اور اپنے متعلق، اپنی رہائشوں کے متعلق اور ان تمام جرائم سے وابستہ معلومات فراہم کریں جنہیں ظاہر کرنے کی ضرورت ہے۔ اس فارم میں آپ سے برطانوی فارمیٹ میں تاریخیں اور نام لکھنے کی درخواست کی جائے گی اور اس میں ایسے چند تکنیکی اصطلاحات کا استعمال کیا جائے گا جن سے ممکن ہے کہ آپ واقفیت نہ رکھتے ہوں۔ فارم پر غلطی کرنا تاخیر کا باعث بن سکتا ہے، اس لئے کسی قابل بھروسہ شخص سے فارم پر کرنے کے سلسلے میں معاونت حاصل کرنا فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔
فارم میں آپ سے پچھلے پانچ سال کے پتے فراہم کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔
اگر آپ نے طویل عرصے تک سفر کیا ہے، اور اس کا تعلق پناہ کے مطالبے سے نہ ہو، تو آپ 'abroad' (بیرون ملک) لکھ کر ملک کا نام اور تاریخیں لکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ بیرون ملک رہ چکے ہوں تو آپ اپنے سابقہ پتے کی پہلی لائن میں 'overseas' (بیرون ملک) لکھ کر فراہم کردہ خانوں میں ملک کا نام اور تاریخیں لکھ سکتے ہیں۔

اگر آپ بے گھر تھے یا اگر آپ نے پناہ کے عمل کے دوران جگہیں یا کیمپ تبدیل کئے ہوں تو آپ کو اس مدت کے لیے پتے فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ صرف 'no fixed abode' (کوئی ٹھکانہ نہیں)، 'abroad' (بیرون ملک) یا 'no fixed abode – UK' (کوئی ٹھکانہ نہیں – مملکت متحدہ) اور متعلقہ تاریخیں لکھ سکتے ہیں۔
اگر آپ جدید غلامی (ٹریفیکنگ) کا نشانہ بنے ہوں، آپ کو امیگریشن کے وقت حراست میں لیا گیا تھا یا اگر آپ کے ایسے حالات رہے ہوں جن کا فارم پر اظہار کرنا مشکل ہو، تو فارم ارسال کرنے سے پہلے مشورہ حاصل کرنے کے لیے DBS کی ہیلپ لائن سے رابطہ کرنا فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔

نوٹ: اگر آپ کو امیگریشن کے وقت حراست میں لیا گیا تھا، لیکن اس کا تعلق نہ تو کسی مبینہ جرم سے تھا اور نہ ہی کسی ایسے جرم سے تھا جس کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی تھی، تو یہ جرم سے وابستہ ریکارڈ نہیں ہے اور اسے ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

٣) آپ کو DBS کی منظور شدہ فہرست سے اصلی دستاویزات فراہم کر کے اپنی شناخت ثابت کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ ایسا نہیں کر سکتے تو وہاں ایک اختیار موجود ہے جس کے ذریعے آپ بتا سکتے ہیں کہ آپ انگلیوں کے نشانات کا استعمال کرنا چاہتے ہیں۔
اگر آپ بتاتے ہیں کہ آپ کو جانچ پڑتال کے مقصد کے لیے انگلیوں کے نشان فراہم کرنے میں کوئی اعتراض نہیں ہے تو ایک انتظامی عمل شروع ہوگا، جس میں بھرتی کرنے والا ادارہ DBS کو بتائے گا کہ آپ انگلیوں کے نشانات ارسال کرنے والے ہیں اور بذریعہ ڈاک اس کی تصدیق کرے گا۔ DBS مقامی پولیس کے ساتھ رابطہ کرے گا اور پولیس آپ کی انگلیوں کے نشانات حاصل کرنے کے لیے آپ کو بلائیں گے (آپ کو ڈاک یا فون کال کے ذریعے بلایا جائے گا) اس عمل میں کچھ وقت لگ سکتا ہے۔
آپ کے لیے یہ بات جاننا ضروری ہے کہ پولیس سے رابطے کی وجہ یہ نہیں ہے کہ کسی کو آپ پر شک ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کی شناخت اور آپ کے ریکارڈز کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے اس کام کی انجام دہی کے لیے تربیت یافتہ افسروں کی ضرورت ہے۔ آپ ملازمت یا رضاکارانہ سہولیات کے ذریعے ایک مثبت کردار ادا کرنے والے شخص کے طور پر پولیس سے رابطہ کر رہے ہیں، اور آپ کا ان سے رابطہ مثبت ہونا چاہیے۔ اگر آپ کو انگلیوں کے نشانات فراہم کرنا یا اپوائنٹمنٹ کے لیے جانا عملی طور پر یا جذباتی طور پر مشکل لگ رہا ہو تو آپ یہ بات بتا سکتے ہیں اور پوچھ سکتے ہیں کہ کیا کوئی متبادل موجود ہے۔ آپ کسی کو اپنے ساتھ بھی لے جا سکتے ہیں۔

٤) آپ کا فارم ارسال کرنے اور آپ کی شناخت کی تصدیق کے بعد، DBS فراہم کردہ معلومات کی مدد سے سخت قانونی ضوابط کے تحت پولیس کے ریکارڈز کی جانچ پڑتال کریں گے۔ وہ دستیاب معلومات دیکھتے ہیں، ظاہر کی جانے والی معلومات کے متعلق قانونی ضوابط کا استعمال کرتے ہیں، اور ایک سند پرنٹ کرتے ہیں جس میں وہ معلومات شامل ہوتی ہیں جس کا ان کی نظر میں آپ کے عہدے سے تعلق ہے۔ آپ کو یہ سند بذریعہ ڈاک ارسال کی جاتی ہے۔

آپ کو بھرتی کرنے والے شخص اسے دیکھنے کی درخواست کریں گے۔ آپ کو اس وقت یہ سند فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن ایسا نہ کرنے کی صورت میں وہ آپ کو نوکری پر نہیں رکھ پائیں گے۔ اگر بھرتی کرنے والے مینیجر آپ سے آپ کی سند میں شامل معلومات کے متعلق بات کرنا چاہیں تو اپنے لئے آرام دہ جگہ اور مقام پر اس میٹنگ کی درخواست کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ اس میٹنگ سے قبل مشورہ کرنا چاہیں یا کسی قابل بھروسہ شخص کو معاونت کے لئے اپنے ساتھ لانے کی درخواست کرنا چاہیں، خاص طور پر اس صورت میں جب زبان یا ثقافت سے وابستہ رکاوٹیں موجود ہوں۔

٥) DBS کی تجدید کی سہولت میں رجسٹر کرنے کے متعلق غور کریں۔ اس سے آپ کی DBS کی سند کی تجدید ہوگی اور مستقبل میں بھرتی کرنے والے افراد کے لیے آپ کی سند کو دیکھنا ممکن ہوگا۔ اگر آپ کسی ایسی اسامی کے لیے اپلائی کریں جس میں اسی سطح کی جانچ پڑتال درکار ہو تو بھرتی کرنے والے شخص کو آپ سے پوری جانچ پڑتال دوبارہ کروانے کے بجائے صرف اپ ڈیٹ کا سسٹم دیکھنے کی ضرورت ہوگی۔ آپ DBS کی درخواست کا نمبر ملتے ہی اور سند کے جاری ہونے کے ٣٠ روز کے اندر اندر اس کی درخواست دے سکتے ہیں (یہ سہولت بنیادی جانچ پڑتال کے لیے دستیاب نہیں ہے)۔

## DBS کے سلسلے میں معاونت

آپ اس صورت میں DBS کے سوالات کی لائن (customerservices@dbs.gov.uk 03000 200 190 ) سے رابطہ کر کے معاونت حاصل کر سکتے ہیں اگر:

- آپ اپنی درخواست میں لکھی جانے والی معلومات کے حوالے سے خدشات کا شکار ہوں
- آپ کو یہ معلوم نہ ہو کہ کیا کسی سوال کا آپ پر اطلاق ہوتا ہے یا نہیں
- آپ کے پاس ایسا شناختی دستاویز ہو جو منظور شدہ فہرست میں موجود نہ ہو
- آپ DBS کی جانچ پڑتال کی درخواست کے دوران کچھ اور سوال پوچھنا چاہتے ہوں۔

اگر آپ ٹرانس جینڈر ہیں اور کسی بھرتی کرنے والے شخص کو اپنی سابقہ شناخت کے متعلق مطلع نہیں کرنا چاہتے تو آپ DBS کی ٹرانس جینڈر کی درخواستوں کی ٹیم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**مسائل اور خدشات**

## بین الاقوامی جانچ پڑتالوں سے وابستہ مسائل

اگر آپ اچھے رویے کے متعلق کسی دوسرے ملک سے سند کے حوالے سے بھرتی کرنے والوں کی ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہیں تو آپ استثنی کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ بھرتی کرنے والا شخص آپ کے متعلق اپنے اعتماد میں اضافے کے لیے دیگر معلومات حاصل کرے گا۔ وہ خطرے کا تخمینہ کر سکتے ہیں، اضافی حوالہ جات تک رسائی کر سکتے ہیں، عہدے میں ردوبدل کر سکتے ہیں، آپ سے خود کے انکشاف کی درخواست کر سکتے ہیں یا ایک حلفیہ بیان لے سکتے ہیں۔

خود کے انکشاف کے دوران آپ ایک تحریری بیان پر دستخط کر کے درج کرتے ہیں آپ کے جرائم کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں ہے، یا آپ ان جرائم کے ریکارڈز شیئر کرتے ہیں جو قانون کے تحت ظاہر کرنا ضروری ہیں۔

حلفیہ بیان میں بھی یہی لکھوایا جاتا ہے، لیکن اس کے بعد یورپی اتحاد میں رجسٹر شدہ 'اوتھ کمیشنر' یا وکیل اس کے گواہان ہوتے ہیں، وہ اس پر اپنا ٹھپہ لگاتے ہیں اور اسے آتھرائز کرتے ہیں۔ بھرتی کرنے والے کئی افراد ان اختیارات کے متعلق آگاہی نہیں رکھتے۔

## اگر آپ کو لائن اپلائی کرنے کی صورت میں دشواری کا سامنا ہو

اگر آپ آن لائن DBS کی جانچ پڑتال کی درخواست دے رہے ہوں اور آپ اس وجہ سے درخواست کو آگے نہیں بڑھا سکتے کیونکہ آپ کے پتے کی ہسٹری میں مسائل ہیں یا آپ اچھے کردار کی سند فراہم کرنے سے قاصر ہیں، تو معاونت حاصل کریں۔ آپ DBS، بھرتی کرنے والے DBS کی جانچ پڑتال کرنے والے ادارے کو اپنے خدشات کا اظہار کر سکتے ہیں، یا شخص، کی ورکر یا وکیل سے مدد مانگ سکتے ہیں۔ یہ مسائل بعض دفعہ الیکٹرانک سسٹمز کے ڈیزائن سے وابستہ مسائل کے باعث پیش آتے ہیں یا اس وجہ سے سامنے آتے ہیں کیونکہ سسٹم میں کسی مخصوص طریقے سے آپ کی رہائش کا اندراج کرنا ضروری ہوتا ہے۔ عام طور پر ان مسائل کو حل کیا جا سکتا ہے۔

## اگر آپ مجرمانہ ریکارڈ رکھتے ہوں

اگر آپ کے پاس مجرمانہ ریکارڈ موجود ہے تو Unlock ایک آزاد خیراتی ادارہ ہے جو سزایاب افراد کو معتبر معلوماتی اور مشاورتی سہولیات فراہم کرتا ہے۔ وہ مجرمانہ ریکارڈز میں شامل معلومات کی بنیاد پر بھرتی کرنے کے فیصلے کرنے والے آجروں اور انسانی وسائل کے پیشہ ورانہ افراد کو آزاد اور غیرجانبدارانہ مشاورت اور معاونت بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

یہ معلوماتی شیٹ دسمبر ۲۰۲۲ میں Migration Yorkshire کی طرف سے لکھی گئی تھی۔ اگر آپ سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی رابطہ کریں اور ہم آپ کی مدد کی ہر ممکنہ کوشش کریں گے:
admin@migrationyorkshire.org.uk یا 0113 378 8188 -